حرف اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن فہمی کی مہم

رجوع الی القرآن کی جانب ایک مزید قدم

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے قیام کا اہم ترین مقصد لوگوں کو قرآن حکیم اور اس کی تعلیمات کی جانب متوجہ کرنا ہے۔ چنانچہ درس و تدریس قرآن کے حلقوں کا قیام' دینی لٹریچر کی اشاعت' قرآن کانفرنسوں اور محاضرات قرآنی کا انعقاد' خط و کتابت کورسز کا اجراء اور قرآن اکیڈمی و قرآن کالج جیسے اداروں کا قیام اسی سلسلے کی مختلف کڑیاں ہیں ـــــ رجوع الی القرآن کی اس دعوت کو مزید وسعت دینے اور مرکزی انجمن کے مختلف تعلیمی و تدریسی پروگراموں سے لوگوں کو متعارف کرانے کے لئے "فہم قرآن" کے نام سے ایک اسکیم ترتیب دی گئی ہے۔ مرکزی انجمن کے وابستگان اور دیگر احباب کو اس اسکیم اور اس کی تفصیلات سے آگاہ کرنے کے لئے ناظم اعلیٰ کی جانب سے جاری کردہ ایک مراسلہ زیر نظر شمارے کے اندرونی ٹائٹل پر شائع کیا گیا ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ وہ اس کو نظر سے ضرور گزار لیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام اراکین و احباب اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور بالخصوص' ماہ رمضان المبارک میں کہ جو نزول قرآن کا مہینہ ہے' بھرپور انداز میں اپنے حلقہ احباب تک رجوع الی القرآن کی اس دعوت کو پھیلائیں۔

کیا عجب کہ آپ کا کسی شخص کو قرآن حکیم اور اس کی تعلیمات کی جانب متوجہ کرنا آپ کے لئے ایک نعمت عظمیٰ ثابت ہو! اس لئے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا کہ "اگر اللہ تمہارے ذریعے کسی ایک شخص کو ہدایت سے نواز دے تو یہ چیز تمہارے حق میں سرخ اونٹوں سے بڑی دولت ثابت ہوگی"۔ اس ضمن میں ہمارے لئے سب سے زیادہ موجب اطمینان بات ہے کہ "داعی الی القرآن" کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ گارنٹی اور بشارت موجود ہے کہ **"مَن دَعا الیہ هُدِیَ الیٰ صراطٍ مُستقیم"** کہ جس شخص نے لوگوں کو قرآن کی جانب بلایا' یہ بات طے ہے کہ خود اسے تو صراط مستقیم کی ہدایت ہوگئی۔ ○○